Securities and Exchange Commission of Pakistan

# Press Release

July 24, 2018
For immediate release

## دہشت گردی کی مالی معاونت کے انسداد کے لئے ایس ای سی پی اور نیکٹا نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر دئے

اسلام آباد، ۲۴ جولائی: سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کے چیئر مین شوکت حسین نے قومی انسداد دہشت گردی اتھارٹی (نیکٹا) کے سربراہ ڈاکٹر محمد سلمان خان کے ساتھ منگل کے روز مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے۔ دست خط کرنے کی تقریب نیکٹا کے صدر دفتر میں منعقد ہوئی۔

مفاہمتی یادداشت کا مقصد دہشت گردی کے لئے مالی معاونت کی روک تھام کی مشترکہ کوششوں کو تیز کرنا ہے۔ دونوں اداروں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کالے دھن کو سفید کرنے اور دہشت گردوں کی مالی مدد کی روک تھام کے لئے مل کر کام کریں گے۔ دونوں ادارے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد کار میں اضافہ کرنے کے لئے بھرپور کوشش کریں گے۔ دہشت گردوں کو مالی معاونت اور رقم کی غیر قانونی ترسیل کے بارے میں آگہی پیدا کی جائے گی۔

ایس ای سی پی کے چیئر مین شوکت حسین نے کہا کہ منشیات سے حاصل ہونے والی آمدنی کی ترسیل روکنے کے لئے موثر اقدامات کئے جائیں گے۔ ڈاکٹر محمد سلمان خان نے کہا کہ بین الاقوامی پس منظر میں ایس ای سی پی اور نیکٹا کا یہ اشتراک بہت اہمیت کا حامل ہے۔

NIC Building, 63 Jinnah Avenue,
Islamabad, Pakistan
PABX: +92-51-9207091-4 Fax: +92-51-9218592, 9204915, Email: webmaster@secp.gov.pk, Website: www.secp.gov.pk